سوال

(17) فضیلت تعلیم القرآن پر ایک سوال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس نے اپنی اولاد کو قرآن شریف پڑھایا۔ اس کو آخرت میں ایسی ٹوپی مل گی جس کی روشنی سورج سے بہت گنا ہوگی۔ توکیا تاج والے کا جسم یا بدن بھی سورج سے زیادہ روشن ہوگا۔ اور جس نے قرآن کا درس دیا۔ ان کو بھی ملے گا یا نہیں؟ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث کے الفاظ میں تاج کی روشنی کا ذکر ہے بدن کی روشنی کا نہیں لہذا یہ غیر ثابت ہے درس دینے والے کا ذکر بھی حدیث شریف میں نہیں ہے۔ اس ہے کہ اس کو بھی ملے گا۔ (اہل حدیث جلد40 نمبر35) یہ حدیث مشکواۃ شریف ص186 باب فضائل القرآن فصل ثانی میں معاذ جہنی کی روایت سے مروی ہے۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01 ص154

محدث فتویٰ